بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عالم کورس، سال سوم، آٹھواں سمسٹر ACM-22

## پیپر: منطق کل نمبر:100

نام: ................................ رول نمبر:...................... شہر اور ملک:...........................................

**سوال 1: درج ذیل سوالات کے درست جوابات جامع انداز میں تحریر کیجیے۔(صرف پانچ) 5x8=40**

[1]: دلالت، دال اور مدلول کی تعریف کریں۔

[2]: علم، تصور اور تصدیق کی تعریف مثالوں کے ساتھ قلمبند کیجیے۔

[3]: تصور اور تصدیق کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی مثال دینا مت بھولیں۔

[4]: کیا آپ جانتے ہیں کہ دلالتِ لفظیہ اور غیر لفظیہ کسے کہتے ہیں؟ کیا آپ تعریف کے ساتھ ساتھ ان کی مثالیں بھی پیش کر سکتے ہیں؟

[5]: دلالتِ لفظیہ وضعیہ اور دلالتِ لفظیہ طبعیہ کی تعریف مثالوں سمیت کیجیے۔

[6]: دلالتِ غیر لفظیہ طبعیہ اور غیر لفظیہ عقلیہ کسے کہتے ہیں؟ ہر ایک مثال بھی سپردِ قلم کیجیے۔

[7]: دَوالِ اربعہ کسے کہتے ہیں؟

**سوال 2: صحیح جوابات پر "✓" اور غلط پر "✗" کا نشان لگائیے۔ 10x3=30**

:1 لفظ اپنے موضوع لہ کے بعض اجزاء پر دلالت کرے تو یہ دلالت مطابقی کہلاتی ہے۔

:2 لفظ اپنے پورے معنی موضوع لہ پر دلالت کرے تو یہ دلالت تضمنی کہلاتی ہے۔

:3 ایسی دلالت جو وضع کی وجہ سے ہو لیکن دلالت کرنے والا لفظ نہ ہو تو اس کو دلالت غیر لفظیہ وضعیہ کہتے ہیں۔

:4 ایسی کلی ذاتی جو جتنے افراد پر بولی جائے سب کی حقیقتیں جدا جدا ہوں تو اسے جنس کہتے ہیں۔

:5 جسم نامی تمام ذی روح افراد کے لیے جنسِ قریب ہے۔

:6 لفظ اپنے معنی موضوع لہ کے کل یا بعض افراد پر دلالت نہ کرے بلکہ اس کے کسی وصف لازم پر دلالت کرے تو اسے دلالت مطابقی کہتے ہیں۔

:7 کلی عرضی ایسی کلی کو کہتے ہیں جو اپنے تمام افراد کی پوری حقیقت بھی نہ ہو اور حقیقت کا جزو بھی نہ ہو بلکہ حقیقت سے خارج ہو۔

:8 ایسی کلی جو اپنی جزئیات کی حقیقت سے خارج ہو اسے کلی عرضی کہتے ہیں۔

:9 ایسی کلی عرضی جو بہت ساری حقیقتوں والے افراد میں پائی جائے اس سے عرض خاص کہتے ہیں۔

:10 فصل کا کام یہ ہے کہ وہ اپنی ماہیت / حقیقت کو جنس میں شریک افراد سے جدا کر دیتا ہے۔

## سوال 3: خالی جگہ پر کریں۔ (صرف دس) 10x3=30

1: الانسان والبقر والغنم ما ھم کے جواب میں ..............آئے گا۔

2: الانسان والبقر والغنم والشجر ما ھم کے جواب میں ..............آئے گا۔

3: الانسان والبقر والغنم والشجر والحجر ما ھم کے جواب میں ..............آئے گا۔

4: الانسان والبقر والغنم والشجر والحجر والعقل ما ھم کے جواب میں ..............آئے گا۔

5: انسان کی حقیقت..............ہے۔

6: فرس کی حقیقت..............ہے۔

7: حمار کی حقیقت..............ہے۔

8: اسد کی حقیقت..............ہے۔

9: کلب کی حقیقت..............ہے۔

10: حیوان انسان کے لیے..............ہے۔

11: ناطق انسان کے لیے..............ہے۔

12: انسان اپنے تمام افراد علی، عمر، خالد، ساجد وغیرہ کے لیے .............. ہے۔

نوٹ: یہ پیپر حل کر کے مفتی محمد یوسف کو درج ذیل نمبر پر واٹس ایپ کر دیں:

+923332515976

توجہ! حل شدہ پرچہ صرف PDF کی صورت میں جمع کرواسکتے ہیں۔

[سکین کرتے وقت یا تصاویر بناتے وقت خیال رکھیں کہ تصویر واضح اور صاف ہو اور اس پر آپ کا نام اور رول نمبر لکھا ہوا ہو]

نوٹ: PDF کو درج ذیل طریقے سے Rename کر کے بھیجیں:

سب سے پہلے اپنا رول نمبر<space>اپنا نام<space>پیپر کا نام - مثلاً

A1- 045 Abdullah Mantiq